خطبات الاحکام لجمعات العام: تالیف: حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ، ناشر: زمزم پبلشرز، صفحات: ۱۹۹، سائز ۱۶/۳۰×۳۰ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

زیر تبصرہ کتاب جمعہ کے عربی خطبات پر مشتمل ہے، جو حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے تالیف کردہ ہیں۔

پہلے خطبہ کے طور پر پڑھے جانے والے خطبات کی تعداد پچاس ہے،اور دوسرے خطبہ کے طور پر پڑھے جانے والے خطبابات کی تعداد چار ہے جن میں سے ایک خطبہ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کا ہے، ایک شاہ اسماعیل شہیدؒ کا ہے اور ایک شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کا ہے۔(یہ تین خطبات اصل کتاب میں شامل نہیں ہیں، بلکہ ان کا اضافہ اس کتاب پر تحقیق وتعلیق کا کام کرنے والے مولانا محمد عثمان بستوی اوران کے مشرف مولانا رضاء الحق صاحب نے کیا ہے) ان کے علاوہ عیدالفطر، عیدالاضحیٰ، استسقاء اور نکاح کا بھی ایک ایک خطبہ ہے، بالکل آخر میں عقیقہ کی دعا اور عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے احکام بھی ذکر کیے گئے ہیں، ان خطبات کی کئی خصوصیات ہیں:

☆-یہ خطبات پچاس متنوع موضوعات سے متعلق احکام شرعیہ پر مشتمل ہیں۔

☆-عربی بلاغت وفصاحت کا عمدہ شاہکار ہیں، کہیں سے بھی ان میں عجمیت کی بونہیں آتی۔

☆-خطبات میں بیان کردہ جملہ احکام شرعیہ کوان کے ادلہ شرعیہ (قرآن وسنت) کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

☆-کوئی بھی خطبہ مقدار سنت سے زائد نہیں اور تقریباً تمام خطبات باہم مساوی ہیں۔

☆-ان خطبات کا اکثر مواد امام غزالیؒ کی ''احیاء علوم الدین'' سے ماخوذ ومستفاد ہے۔اس طرح یہ خطبات فقہ وتصوف کا حسین امتزاج ہیں۔

یہ کتاب پاکستان وہندوستان سے کئی مرتبہ چھپ چکی ہے، ہمارے پیش نظر اس کتاب کا جو ایڈیشن ہے وہ کراچی سے زمزم پبلشرز نے چھاپا ہے۔اس ایڈیشن کی خصوصیت یہ ہے کہ اس پر مفتی رضاء الحق صاحب کے زیر نگرانی مولانا محمد عثمان بستوی صاحب نے تحقیق وتعلیق کا کام کیا ہے جو مشکل الفاظ کی تشریح کے علاوہ آیات مبارکہ واحادیث نبویہ کی تخریج پر مشتمل ہے، نیز کتاب میں مذکور احادیث مبارکہ کا مرتبہ وحکم بھی محققین کی آراء کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔یہ انتہائی مفید وعلمی کام ہے جس پر وہ اہل علم کی جانب سے شکریہ کے مستحق ہیں، یہ کتاب دیدہ زیب ومضبوط جلد بندی، بہترین کمپوزنگ وسیٹنگ کے ساتھ عمدہ کاغذ میں چھپی ہے۔

☆☆☆